سوال

کیا نماز اشراق ہی نماز چاشت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز اشراق ہی نماز چاشت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ ابن باز کے نزدیک نماز اشراق ہی نماز چاشت ہے ،اس کو اگر اس کے اصلی ٹائم یعنی ایک نیزے کے برابر سورج نکلنے پر پڑھا جائے تو اشراق کہلائی گی اور اگر اسے سورج بلند ہوجانے کے وقت جب اونٹ کے بچوں کت پاؤں جلنے لگیں ، پڑھا جائے تو چاشت کہلائی گی ۔اس نماز کی کم از کم رکعات کی تعداد دو اور زیادہ سے زیادہ کی تعداد آٹھ ہے ۔ مجموع فتاوی الشیخ ابن باز401/11۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی